سوال

(424) بازار میں نماز ہوتی ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بازار میں نماز ہوتی ہے یا نہیں اگر نہیں ہوتی تو کیوں۔ بسبب مجمع کثیر کے اس حالت میں ایک مصلی دکاندار کیا کرے۔ اگر بیرون بازار جائے تو اس کے سودے کا محافظ نہیں تو مجمع متشر ہونے پر پڑھے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بازار سے مطلب غالباً وہ مکان ہے۔ جو بازار میں ہو تو جواب یہ ہے کہ محض فرضیت ادا ہو جاتی ہے۔ جماعت اور مسجد کا ثواب نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص603

محدث فتویٰ